گورنمنٹ آف گلگت-بلتستان

از دفتر سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ غذر

ٹینڈر نمبر DJG-1(22)/78/2026-27

مورخہ 30 اکتوبر 2026

اشتہار

ہر گاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ قیدیان و حوالاتیان ڈسٹرکٹ جیل غذر کیلئے موسم سرما کی لکڑی برائے سال 2026-27 ٹینڈر مطلوب ہیں۔ خواہشمند حضرات جو گورنمنٹ رجسٹرڈ ہوں اور لکڑی کی خرید و فروخت اور سپلائی کا کم از کم 2 سال کا تجربہ رکھتے ہوں۔ اپنے ٹینڈر بند لفافے میں مورخہ 14 نومبر 2026 بوقت 10:30 بجے تک بذریعہ ڈاک یا کوریئر سروس سپرنٹنڈنٹ جیل غذر آفس میں پہنچانے کے پابند ہونگے۔ ٹینڈر اسی دن 11 بجے ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائینگے۔ جس کے شرائط وضوابط درجہ ذیل ہونگے۔

شرائط:

۱۔ خواہشمند حضرات متعلقہ کام میں تجربے کا سرٹیفکیٹ اور دیگر ضروری کاغذات جمع کرا کر ٹینڈر فارم جس میں لکڑی کی تفصیل لکھی گئی ہیں۔ مبلغ -/4000 روپے ناقابل واپسی دفتری اوقات کار میں سپرنٹنڈنٹ جیل آفس ڈسٹرکٹ غذر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

۲۔ ٹینڈر دہندگان پر لازم ہوگا کہ وہ لکڑی کی قیمتیں مروجہ لسٹ کے مطابق درج کرینگے۔ نیز غیر معقول قیمت PPRA رول 2004 کے تحت مسترد کردئے جائینگے۔

۳۔ ٹینڈر بمطابق مروجہ PPRA رولز قوانین منظور کیا جائیگا۔

۴۔ کال ڈیپازٹ بشکل بینک ڈرافٹ کسی بھی شیڈول بینک میں مبلغ -/65,000 (پینسٹھ ہزار روپے) بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل غذر ٹینڈر کے ساتھ منسلک ہونا چاہئے۔ جو کہ میعاد ٹھیکہ ختم ہونے پر واپس کردیئے جائینگے۔

۵۔ بولیاں سنگل اسٹیج ون انویلف پروسیجر کے تحت وصول کی جائیں گی۔ جیسا کہ GB PPRA قوانین میں درج ہے۔

۶۔ منظور شدہ ٹھیکدار لکڑی اچھی کوالٹی اور کاٹ کر ٹکڑوں کی شکل میں جیل پہنچانے کا پابند ہوگا۔

۷۔ ٹھیکدار پر لازمی ہوگا کہ وہ متعلقہ تھانے سے کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کریں۔

۸۔ ٹھیکدار پر لازمی ہوگا کہ وہ بیان حلفی پر لکھ کردے گا۔ کہ وہ کسی بھی سرکاری یا پرائیویٹ ادارے کا مقروض نہ ہو۔

۹۔ ٹھیکدار فنڈ کی کمی یا بلوں کی ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں لکڑی فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

(محمد عمران خان)

سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ غذر